## پیپلز پارٹی کے رہنما اسمبلی نبیل گبول کی ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو، لیاری کے عوام کیلئے غذائی اجناس اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کے چار ٹرک بھیجنے پر دلی شکریہ ادا کیا

## آپ نے لیاری کے پریشان حال عوام کی جس طرح مدد کی ہے اس پر میں لیاری کے عوام کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ نبیل گبول

## مٹھی بھر دہشت گردوں نے لیاری کے مظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ نبیل گبول

## مجھے جرائم پیشہ عناصر کی دہشت گردی کا نشانہ بننے والے لیاری کے معصوم عوام سے دلی ہمدردی ہے اور میں انکے ساتھ ہوں۔ الطاف حسین

لندن:۔۔۔30 اپریل2012ء

پیپلز پارٹی کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی نبیل گبول نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو ٹیلیفون کر کے لیاری کے عوام کیلئے غذائی اجناس اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کے چار ٹرک بھیجنے پر لیاری کے عوام کی جانب سے ان کا دلی شکریہ ادا کیا۔ نبیل گبول نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مٹھی بھر دہشت گردوں نے لیاری کے مظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے جن کے خلاف پولیس کارروائی کر رہی ہے۔ انہوں نے علاقے میں آپریشن کے باعث گھروں میں محصور عوام کیلئے بھاری مقدار میں غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان بھیجنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ایسے وقت میں لیاری کے پریشان حال عوام کی جس طرح مدد کی ہے اس پر میں لیاری کے عوام کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ نبیل گبول نے لیاری میں دہشت گردوں کے حملوں کے باعث ٹرانسفارمر زتباہ ہونے کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی معطل ہونے کے بارے میں بھی جناب الطاف حسین کو آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے نبیل گبول سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے جرائم پیشہ عناصر کی دہشت گردی کا نشانہ بننے والے لیاری کے معصوم عوام سے دلی ہمدردی ہے اور میں ان کے ساتھ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ اپنی بساط کے مطابق لیاری کے عوام کی مدد کرتا رہے گا۔ انہوں نے مخیّر حضرات سے بھی اپیل کی کہ وہ بھی لیاری کے پریشان حال عوام کی ہر ممکن مدد کریں۔ انہوں نے کے ای ایس سی کے حکام سے اپیل کی کہ وہ لیاری کو بجلی کی فراہمی کیلئے فوری طور پر اقدامات کریں۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر آپریشن کے باعث لیاری کے محصور عوام کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 4 ٹرکوں پر مشتمل غذائی اجناس اور امدادی سامان پہنچا دیا گیا

کراچی۔۔۔30، اپریل2012ء

لیاری میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری آپریشن سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 4 ٹرکوں پر مشتمل غذائی اجناس اور امدادی سامان پہنچا دیا گیا۔ امدادی سامان کی یہ کھیپ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی طاہر قریشی اور شعیب ابراہیم نے گزشتہ روز رنچھوڑ لائن کے علاقے میں اپنی نگرانی میں لیاری کی سماجی شخصیات کے حوالے کی۔ امدادی کھیپ میں آٹا، دال، چاول، گھی، تیل، مصالحہ اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء وافر مقدار میں شامل ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ چند جرائم پیشہ عناصر کی وجہ سے آج لیاری کے عوام کی زندگیاں اجیرن بن چکی ہیں اور وہ بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم لیاری کے عوام کے ساتھ ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر لیاری اور اس کے عوام کو ہر ممکن سہولت، تعاون اور مدد فراہم کرتی رہے گی۔

## جو قومیں اپنے شہداء کو بھول جاتی ہے وہ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتی، جناب الطاف حسین

## ایم کیو ایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کی 19 ویں برسی

لندن۔۔۔30 اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سابق چیئرمین عظیم احمد طارق کی 19 ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے مشن ومقصد کی کامیابی تحریک کے شہداء کی لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہیں جنہوں نے حق پرستانہ جدوجہد کی خاطر اپنا لہو تحریک کے نظریئے پر قربان کیا، اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا اور امر ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک کے تمام شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا جو قومیں اپنے شہداء کو بھول جاتیں ہیں وہ کبھی بھی کامیاب سے ہمکنار نہیں ہوتیں اور ہمیں یقین ہیں کہ وہ دن دور نہیں جب تمام حق پرست شہداء کا لہو ضرور رنگ لائے گا اور حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پر پہنچے گی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عظیم احمد طارق شہید سمیت تحریک کے تمام شہدا کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کی قربانیوں کو قبول فرمائے۔

## محنت کش افراد معاشرے کی تکمیل کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جناب الطاف حسین
## محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر خصوصی بیان

لندن:۔۔۔30اپریل,2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ محنت کش افراد معاشرے کی تکمیل کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اوران کی شرکت وشمولیت کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔یکم مئی ''محنت کشوں کے عالمی دن'' کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شکاگو کے محنت کشوں نے اپنے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کی اوراپنے مقصد کے حصول کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور آج دنیا بھر میں محنت کش طبقہ کو جو مقام حاصل ہے وہ شکاگو کے محنت کشوں کی عملی جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر ہے۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث محنت کشوں کے حقوق غصب ہیں اور محنت کشوں کیلئے ایسی پالیسیاں اختیار کی گئیں ہیں جس کے باعث محنت کش طبقہ معاشی استحصال اور بدحالی کا شکار ہیں اور مایوسیوں میں مبتلا ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں محنت کش طبقہ کے مسائل کا حل فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ میں پوشیدہ ہے اوراب ملک کی صورتحال اس نہج پر ہے کہ فرسودہ نظام کے خاتمے اور حقوق کی جدوجہد کیلئے محنت کش طبقہ کو آگے آنا ہوگا کیونکہ انقلاب امیر نہیں بلکہ غریب اور محنت کش طبقات کے درمیان سے جنم لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اداروں میں کرپشن کا خاتمہ کرکے کرپٹ عناصر کو باہر نکالے اور مختلف شعبوں میں محنت کشوں کے ساتھ کی جانیوالی زیادتیاں اور ناانصافیاں کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن سے وابستہ تمام ذمہ داران وکارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ مزدور طبقہ کے حقوق کی جدوجہد ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ جاری رکھیں اور مخلصانہ عملی جدوجہد کے ذریعے ہی محنت کش طبقہ اپنے حقوق حاصل کرسکتا ہے۔

## معروف قوال غوث محمد ناصر نیازی کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف قوال غوث محمد ناصر نیازی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سابق چیئرمین عظیم طارق شہید کی 19ویں برسی کے سلسلے میں کل لال قلعہ گراؤنڈ میں قرآن خوانی کا اجتماع ہوگا

کراچی۔۔۔30،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے سابق چیئرمین عظیم احمد طارق شہید کی 19ویں برسی یکم مئی بروز منگل کو عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی۔برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بعد نماز ظہر تا عصر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوگا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ،حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ذمہ داران اور کارکنان شرکت کریں گے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت یکم مئی کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شام 4 بجے مزدور کنونشن منعقد ہوگا
## یکم مئی کے موقع پر حیدرآباد پریس کلب، میرپورخاص پریس کلب اور سکھر پریس کلب سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت ریلیاں نکالی جائیں گی

کراچی۔۔۔30،اپریل2012ء

ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے زیراہتمام محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر یکم مئی کو شام 4 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں مزدور کنونشن منعقد ہوگا۔مزدور کنونشن میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے محنت کشوں کے علاوہ مختلف مزدور یونین کے عہدیداران بھی شرکت کریں گے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی جانب سے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں مزدور کنونشن کے انعقاد کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔دریں اثناء یکم مئی کے موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت اندرن سندھ حیدرآباد میں حیدرآباد پریس کلب، میرپورخاص میں میرپورخاص پریس کلب اور سکھر میں سکھر پریس کلب سے محنت کشوں کی ریلیاں نکالی جائیں گی جو واپس اپنے اپنے زونل دفاتر پر آکر اختتام پذیر ہوں گیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریب اور متوسط طبقے کی واحد نمائندہ جماعت ہے، جو بلاتفریق دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے، راجہ اعظم خان

## پولیو کا خاتمہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، ہم سب کو چاہئے ہم عوام میں پولیو جیسے ناپاک مرض کے خاتمہ کیلئے آگاہی فراہم کریں

## اسکردو میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال

اسکردو:۔۔۔30اپریل،2012ء

گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے حق پرست ایم ایل اے راجہ اعظم خان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب اور متوسط طبقے کی واحد نمائندہ جماعت ہے، جو بلاتفریق رنگ و نسل، زبان اور مذہب دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے باشعور اور حق پرست عوام نے قائد تحریک الطاف حسین بھائی کے فکر و فلسفے پر اعتماد کیا ہے اور اس کا واضح ثبوت حالیہ دنوں میں ایم کیو ایم بلتستان زون کی طرف سے کیا گیا گمبہ اسکردو سیکرٹریٹ کے افتتاح کے موقع پر گمبہ کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ تھا جس میں عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کے حکم پر بلتستان کے مختلف جگہوں پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپ لگائے گئے جس سے ہزاروں افراد مستفید ہوئے۔ میڈیکل کیمپ سکردو، گمبہ، شگر، چپلو، اور دیگر جگہوں میں لگے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے ہم سب کو چاہئے ہم عوام میں پولیو جیسے ناپاک مرض کے خاتمہ کیلئے آگاہی فراہم کریں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پولیو کے خاتمے کے لیے پولیو کی گھر گھر مہم کی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم بلتستان زون کے ذمہ داران چلاس کے شہدا کے گھروں پر جاکر فاتحہ خوانی کریں گے اور ان کے اہلخانہ سے یکجہتی کا اظہار کریں گے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں غریبوں کے انقلاب کی تحریک حق پرستی کا پرچم تھامے ملک کے کونے کونے میں تیزی سے پھیل رہی ہے،

## ہر آنے والا دن قائد الطاف حسین کے مستانوں کی تعداد میں اضافہ کررہا ہے۔ سید حیدر عباس رضوی

## ممتاز کاروباری سیاسی، سماجی شخصیت، اورنگ زیب اعوان ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان،

## ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن زاہد ملک کے ہمراہ نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس

اسلام آباد:۔۔۔30اپریل2012ء

قومی اسمبلی ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر رضوی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں غریبوں کے انقلاب کی تحریک حق پرستی کا پرچم تھامے ملک کے کونے کونے میں تیزی سے پھیل رہی ہے۔ ہر آنے والا دن قائد الطاف حسین کے مستانوں کی تعداد میں اضافہ کررہا ہے۔ پیر کے روز نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن زاہد ملک اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پریس کانفرنس کے آغاز پر گلیشئر کے اور ملک کی خاطر جان قربان کرنے والے شہداء کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی ایم کیو ایم راولپنڈی زون ضلع اسلام آباد کے انچارج یاسر علی سمیت ذمہ داران اور کارکنان موجود تھے۔ حیدر رضوی نے کہا کہ ایم کیو ایم کا حق پرستی اور غریبوں، متوسط طبقے اور پڑھے لکھے ایماندار لوگوں کو ایوان اقتدار میں لانے کا قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ ہر روز ایک نئے تحریکی ساتھی کی شمولیت کی صورت عوامی تائید پا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لئے نہایت مسرت اور خوشی کا باعث ہے کہ آج اسلام آباد سے اورنگزیب اعوان، سابق صدر ایم ایس ایف، سابق صدر یوتھ ونگ مسلم لیگ ج، مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ج، مرکزی ٹریڈ ایکشن کمیٹی اسلام آباد، صدر ٹریڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن ہول سیل مارکیٹ G7 اسلام آباد اپنی فیملی، دوستوں، اسلام آباد کی تاجر برادری، سید حسنین علی شاہ، میاں محمد اقبال، محمد احمد، چوہدری ناصر محمود، زاہد حیدری اور مذہبی رہنماؤں پیر سید خالد اعوان، محمد اقبال سندھو، زبیر نیازی سمیت ایم کیو ایم میں شامل ہوگئے ہیں اور ان کی شمولیت سے یہ اعلان ایک نئے آہنگ سے سامنے آیا ہے کہ یہ ایم کیو ایم ہے اور متحد ہوکر قوم جب تحریک کے جذبہ سے آگے بڑھے گی تو استحصال کی زنجیریں پاش پاش ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ پورے ملک کی طرح پنجاب اور کشمیر میں ایم کیو ایم کا بڑھتا ہوا پیغام اور عوامی حمایت میں اضافہ پاکستان کے روشن مستقبل اور مایوسی کے شکار لوگوں کے لئے تازہ ہوا کا جھونکا اور خوشخبری کا پیغام ہوگا۔ وہ وقت انشاءاللہ دور نہیں جب پاکستان کے غریب ایوان اقتدار میں بیٹھ کر مسائل کا حقیقی حل تلاش کریں گے اور عوام کو مسائل سے نجات دلائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اورنگزیب اعوان بھائی اور ان کے تمام ساتھیوں کو ایم کیو ایم میں شمولیت پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر اورنگزیب اعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہاں مل بیٹھنے کا مقصد ایک سادہ سا پیغام آپ سب تک پہنچانا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمارے اردگرد پھیلی مشکلات و مسائل پر بلاشبہ ہر سوچ رکھنے والا شخص نہ صرف فکر مند ہوتا ہے بلکہ ایک پاکستانی کی حیثیت سے یہ بھی سوچ اس کے ذہن میں آتی ہے کہ ان مسائل کا حل کیا

ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ ظلم تو برا ہوتا ہی ہے لیکن ظلم برداشت کرنے والا اوراس پر خاموشی اختیار کرنے والا بھی دراصل ظلم ہی کی مدد کررہا ہوتا ہے۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کے حوالے سے کہا کہ ہم نے باہمی مشاورت اور غور وفکر کے بعد ایم کیوایم میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔قائد تحریک الطاف حسین کا نام نیا نہیں ان کی زندگی مسلسل جدو جہد سے عبارت ہے اورایک کھلی کتاب کی طرح ہے وہ ایسے رہنما ہیں جن کی تمام زندگی عام لوگوں کو با اختیار بنانے اوران کی خدمت کے مشن میں لگی ہوئی ہے۔الطاف حسین محض اعلان، بیان بازی نہیں کرتے بلکہ اپنے قول کو پورا کرنے کا ہنر بھی جانتے ہیں وہ عمل کی طاقت سے آگے بڑھتے ہیں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ الطاف حسین ہی وہ لیڈر ہیں جو پاکستان کو مضبوط، طاقتور اور حقیقی معنوں میں خوشحال بنانے کا عزم، ہمت اور عملی پروگرام رکھتے ہیں۔میرے لئے ایم کیوایم کے کارکن کی حیثیت سے 98 فیصد غریبوں کو پاکستان کا حقیقی وارث بنانے کے لئے انقلابی تحریک میں شامل ہونا ایک اعزاز ہے اوراس تحریک کے لئے میں اپنی بھرپور صلاحیتوں سے کام کروں گا۔

## کراچی مضافاتی کمیٹی کے کارکن شمیم حسین کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔30اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی عمر بلوچ گوٹھ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے کارکن شمیم حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم نے ہر دور میں خواتین کے حقوق کے لیئے عملی جدوجہد کی ہے،عشرت بیگم
## ایم کیوایم میر پور خاص زون کے تحت منعقدہ خواتین کے اجتماع سے گفتگو

میر پور خاص:۔۔۔30اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پور خاص زون،شعبہ خواتین کی انچارج عشرت بیگم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے ہر دور میں خواتین کے حقوق کے لیئے عملی جدوجہد کی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میر پور خاص زون،سیکٹر B یونٹ میں خواتین کے اجتماع میں شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج رضیہ شریف،اراکین نگہت، رئیسہ اور خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل کرتے ہوئے ایم کیوایم نے ہمیشہ ہر سطح پر خواتین کے جائز حقوق کے لیئے نہ صرف آواز بلند کی ہے بلکہ صوبائی اور دفاقی ایوانوں میں قانون سازی بھی کی ہے،ایم کیوایم ملک بھر میں کاروکاری،قرآن سے شادی اور کم عمری میں جبری شادی جیسے قبیح معاشرتی جرائم کے خلاف عملی جدوجہد میں مصروف ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ملک کے جاگیردارانہ،وڈیرانہ سوچ رکھنے والے حکمرانوں نے بنت حوا کو تاریکیوں سوا کچھ نہیں دیا اور آج بھی ملک کے متعدد علاقوں میں خواتین کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔انہوں نے ملک میں حالیہ دنوں خواتین کے ساتھ پیش آنے والے بدسلوکی کے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس میں خواتین کو پیروں تلے روندھا جارہا ہے جبکہ دنیا کے دیگر ترقی یافتہ ممالک میں ملک کی تعمیر وترقی کیلئے خواتین مردوں کے شانہ بشانہ اپنا اہم کردار ادا کررہی ہیں۔انہوں نے خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر خواتین اس ملک میں اپنا مقام حاصل کرنا چاہتی ہیں تو انہیں ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر حقوق کی عملی جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین نے کارکنان کو ہمیشہ سیاست برائے خدمت کا درس دیا ہے،
## ایم کیوایم سکھرزون کے زونل انچارج محمد قطب الدین اور جوائنٹ زونل انچارج شہزادہ گلفام کا یوسی 02.B میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے اظہارِ خیال

سکھر:۔۔۔30اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھرزون کے زونل انچارج محمد قطب الدین اور جوائنٹ زونل انچارج شہزادہ گلفام نے کہاہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے کارکنان کو ہمیشہ سیاست برائے خدمت کا درس دیا ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے حق پرست عوامی نمائندہ دن رات عوامی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ان خیالا ت کا اظہا رانہوں نے یوسی 02.B میں کارکنان کے جنرل ورکرزاجلاس سے اظہارِخیال کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے آج بھی جا گیردارانہ،وڈیرانہ اورشاہی افسر کا نظام رائج ہے اور پاکستان کے سیاسی ایوانوں کو چند خاندانوں کی جا گیر سمجھا جا تا ہے،ایم کیوایم نے اس جا گیردارانہ نظام میں شگاف ڈال دیا ہےاوروہ دن بھی آنے والا ہے جب ملک پرملک کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم طبقے کے تعلیم یافتہ باشعورافراد کی حکمرانی قائم ہوگی مگراس کے لئے اس ملک میں رہنے والے تمام لوگوں کواپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دامے درمے سخن اپنا کرداراداکرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین اس ملک کے واحد رہنما ہیں جونتائج کی پرواہ کئے بغیرحق اورسچ کھل کر بیان کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج ملک کےکونے کونے میں بسنے والےغریب عوام قائدتحریک کواپنانجات دہندہ سمجھتے ہیں اور پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں اورمکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلےجمع ہورہے ہیں۔

## الطاف حسین ملک بھرکی تمام لسانی ومذہبی اکائیوں کے درمیان امن ومحبت اوررواداری کےفروغ کے لئے دن رات کوشاں ہیں،ثاقب احمد خانزادہ
## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون یونٹ B-3 میں یونٹ اور بلاک کمیٹیز کے ذمہ داران کے اجلاس سے گفتگو

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔30اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یارزون کے رکن زونل کمیٹی ثاقب احمد خانزادہ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ظلم اور جبر کے نظام کے خلاف جدوجہد کرنے والی سب سے منظم تحریک کی حیثیت سے ملک کےطول وعرض میں سرگرم عمل ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے یونٹB-3 میں یونٹ اور بلاک کمیٹیز کے ذمہ داران کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 64 سال سے اقتدار پر مسلط جا گیرداروں اور وڈیروں نے عوام کومحرومیوں اور مایوسیوں کے سوا کچھ نہیں دیا ہے،اقتدار پرقابض مراعات یافتہ طبقہ متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہوکرنت نئی سازشوں کے جال بن رہا ہے۔تا کہ انہیں عوام کا استحصال کرنے کے لائسنس میں مزید توسیع مل سکے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین ملک بھرکی تمام لسانی ومذہبی اکائیوں کے درمیان امن ومحبت اوررواداری کےفروغ کے لئے دن رات کوشاں ہیں،ملک کےکونے کونے میں متحدہ قومی موومنٹ کی بھرپور پذیرائی اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ اٹھانوے فیصد مظلوم عوام اپنے حقوق کے حصول کے لئے متحد اور منظم ہوچکے ہیں اورآنے والے انتخابات میں عوام کی اکثریت متحدہ قومی موومنٹ کے حق میں فیصلہ کرکے ظلم اور جبر کے نظام کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نیست و نابود کردیں گے۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک کے چپے چپے میں پھیل چکا ہے،شبیر قائمخانی
## گجرانوالہ کی ضلعی کمیٹی کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچارج کی کارکنان سے اظہارِخیال

گجرانوالہ:۔۔۔30اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچاج شبیراحمد قائمخانی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے اس ملک کے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ باشعورنوجوانوں کوعوامی نمائندے کی حیثیت سے منتخب کرواکرایوانوں مین بھیجا۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ایم کیوایم گجرانوالہ زون کے جنرل ورکرزاجلاس کے موقع پر ذمہ

داران وکارکنان سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر گجرانوالہ زون کے انچارج عبدالکریم، زونل کمیٹی کے اراکین کے علاوہ ذمہ داران اور کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ آج سے 33 برس پہلے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ مظلوموں کے سلب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کا آغاز کیا تھا اور آج قائد تحریک کا فکر وفلسفہ ملک کے چپے چپے میں پھیل چکا ہے۔بعدازاں انہوں نے گجرانوالہ کی ضلعی کمیٹی کے نومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے نومنتخب انچارج واراکین کمیٹی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆